سوال

(70)انگریزی لباس مع انگریزی ٹوپی کے پہننا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انگریزی لباس مع انگریزی ٹوپی کے پہننا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

انگریزی طرح لباس یا ٹوپی بذہتا کوئی منع نہیں ہاں پہننے والا دیکھنے میں انگریز منکر اسلام، معلوم ہو تو منع ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے من تشبہ بقوم فہم منہم یعنی جو کوئی کسی قوم سے مشابہ ہوجائے پس وہ انہی میں ہوگا ہاں اگر باوجود اس لباس کے کسی قسم کی اسلامی تمیز رکھے تو اس وعید سے بچ جائیگا، (اہل حدیث امر تسر ۱۷/ محرم ۱۳۴۷ھ

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 10 ص 107

محدث فتویٰ